PhD (Education)/E.T/May 2019

Booklet Serial No.

دستخط نگران کار

# مولانا آزاد نیشنل اُردو یونیورسٹی

## پی ایچ ڈی (ایجوکیشن) انٹرنس ٹسٹ ۔ 2019

## PhD (Education) Entrance Test - 2019

## کتابچۂ پرچۂ سوالات Question Paper Booklet

وقت : دو گھنٹے

نمبرات : 100

Hall Ticket No.

OMR Serial No.

## اُمیدواروں کے لیے ہدایات

1. اوپر فراہم کی گئی جگہ پر امیدوار اپنا OMR اور ہال ٹکٹ نمبر لکھیں۔ اس کے علاوہ کتابچے میں کسی بھی صفحے پر ہال ٹکٹ نمبر، OMR نمبر یا اپنا نام نہ لکھیں۔
2. یہ پرچۂ سوالات کل 24 صفحات پر مشتمل ہے۔ اگر اس کتابچے میں صفحات کم ہوں یا اس کی ترتیب میں کوئی غلطی ہو تو جوابات لکھنے سے پہلے ہی نگران کار سے اسے تبدیل کروالیں۔
3. اس کتابچے میں جملہ 100 معروضی سوالات ہیں۔ ہر سوال کے نیچے 4 متبادل (A) (B) (C) (D) جوابات دیے گئے ہیں۔ سوال کے صحیح جواب کا انتخاب کیجیے۔ پھر OMR جوابی بیاض میں اپنے منتخب کردہ جواب کے دائرے کو صرف Blue / Black Ballpoint Pen سے گہرا کیجیے۔
4. امیدوار کو نمبرات صرف OMR جوابی بیاض میں صحیح جواب دینے پر دیے جائیں گے۔ اگر اس کتابچے میں امیدوار نے جواب پر نشان لگایا ہو لیکن OMR میں دائرے کو گہرا نہ کیا ہو تو ایسی صورت میں امیدوار کو کوئی نمبر نہیں ملے گا۔
5. اگر ایک سے زیادہ دائروں کو گہرا کیا گیا ہو تو اُس سوال کے نمبر نہیں ملیں گے۔
6. غلط جواب پر کوئی Negative Marks نہیں ہے۔
7. انٹرنس ٹسٹ کے اختتام پر امیدوار کتابچہ پرچہء سوالات اپنے ساتھ لیجاسکتے ہیں۔

☆☆☆

# (Part A) حصہ اول

## Research Methodology

(1 کوئی محقق Case study کیلئے ایک اسکول کا انتخاب کرتا ہے اس ا اسکول میں موجود جماعتوں کو، اساتذہ، طلباء اور ان کے والدین کو بطور Sub - units لیتا ہے۔ اور ہر Sub - unit کے لئے علحدہ آلات تحقیق کا استعمال کرتا ہے۔ اس طرح کا Case study ڈیزائن کہلاتا ہے:

(A) The Single case design
(B) The embedded, single - case design
(C) The multiple case design
(D) The embedded multiple case design

(2 تاریخی تحقیق (Historical Resarch) میں امومعلومات (data) کے ثانوی ذرائع (Secondary sources) کی ایک مثال--- ہے:

(A) باقیات (Relics)
(B) انسائیکلوپیڈیا
(C) بیانیہ تصدیق (oral testimony)
(D) دستاویزات (Documentary materials)

(3 اساتذہ کیلئے اپنے طالب علم کی شخصیت کے بارے میں جامع معلومات حاصل کرنے کیلئے ضروری ہوتا ھیکہ وہ اپنے کمرہ جماعت میں، کھیل کے میدان میں یا اسی طرح کے مختلف مقامات پر اسکا اپنے ماحول / ساتھیوں کے ساتھ برتاؤ (behaviour) یا interaction کا مطالعہ کرے۔ اس طرح افراد کو سماجی حرکیات کے تناظر میں سمجھنے کا عمل کہلاتا ہے:

(A) Phenomenology
(B) Symbolic interactionism
(C) Social interactionism
(D) Ethnomethodology

(4 وہ قیمت جو دو متغیرات 'X' اور 'Y' کے Variance کا تناسب (Proportion) کو ظاہر کرتی ہے یعنی 'X' (آزاد متغیر) کے اثر سے 'Y' (تابع متغیر) میں آنے والے Variance کا تناسب:

(A) Coefficient of Determination
(B) Coefficient of ordinal association
(C) Co- efficient of non - determination
(D) Co- efficient of concurrent deviations

(5 کسی تجرباتی تحقیق میں باوجود کئی متغیرات کو قابو میں (Control) کرنے کے بہت سے متغیرات ایسے ہوتے ہیں جن کی وجہ سے تجرباتی (Experimental) گروپ اور Control group میں فرق رہ جاتا ہے۔ اس فرق کو دور کرنے کے لئے مندرجہ ذیل Technique کا استعمال کیا جاتا ہے:

(A) دونوں گروپوں کے Means اور کنٹرول گروپ کے معیاری انحراف کی مدد سے effect size متعین کرنا
(B) دونوں گروپوں کے Pre test mean scores کو بطور Covariates لینا
(C) Multiple analysis of Variance کا تعین کرنا
(D) Partial correlation کا تعین کرنا

(6 ایک چھ رکنی گروپ کیلئے Sociogram حاصل کیا گیا۔اس گروپ میں ممکنہ کل جوڑیوں کی تعداد ہوگی:

(A) تین     (B) بارہ

(C) پندرہ     (D) گیارہ

(7 ذیل میں Qualitative research کے مختلف مراحل دیئے گئے ہیں ان کی مرحلہ وار صحیح ترتیب کو دیے گئے Code کے ذریعہ نشاندھی کیجیے۔

i) معاونین کی شناخت (Finding informants)     ii) نمونہ (sample) کے بارے میں طے کرنا

iii) مطالعہ کے لئے علاقہ کا انتخاب (Locating field of study)     iv) منتخبہ علاقہ (field) میں افراد سے رشتے ہموار کرنا

v) اخلاقی معاملات (Ethical issues) پر توجہ دینا     vi) تحقیقی سوالات تشکیل دینا

vii) اصلی جگہ پر data اکھٹا کرنا     viii) علاقہ کے باہر data اکھٹا کرنا

Codes

(A) i ‘ iii ‘ vi ‘ iv ‘ vii ‘ viii     (B) i ‘ ii ‘ iii ‘ iv ‘ v ‘ vii ‘ viii

(C) i ‘ ii ‘ iii ‘ iv ‘ v ‘ iv ‘ vii ‘ viii     (D) iii ‘ II ‘ i ‘ iv ‘ vi ‘ viii ‘ vii

(8 کسی اسکول میں 1000 طلباء ہیں۔اسکول کی پرنسپل اسکول کے lunch break کے اوقات میں کچھ تبدیلی کرنا چاہتی ہیں۔لیکن وہ اوقات میں تبدیلی کو عملی جامہ پہنانے سے قبل اس بات کا تیقن کر لینا چاہتی ہیں کہ یہ مجوزہ تبدیلی طلباء میں کس حد تک قابل قبول ہوگی۔اس بات کا پتہ لگانے کے لئے پرنسپل 25 طلباء سے بات کرتی ہین جنکا انتخاب اتفاقی طور پر (randomly) کیا جاتا ہے۔ان بچوں میں 66 فیصد بچے اوقات میں مجوزہ تبدیلی سے اتفاق رکھتے ہیں اور 34 فیصد بچے اس تبدیلی کے خلاف ہیں۔ان حالات میں پرنسپل کسطرح اطمینان کرے کہ یہ 25 بچے اسکول کے جملہ 1000 بچوں کے نمائندہ ہیں۔اس مقصد کے لئے موزوں شماریاتی تکنک ہوگی:

standard error of proportions (A)     Sampling error(B)

Significance of proportions (C)     Significance of chi-square (D)

(9 ذیل میں دیئے گئے بیانات میں صحیح بیانات کو دیئے گئے Code کے ذریعہ نشاندہی کیجئے

i) وہ متغیرات (variables) جو ratio scale پر پیائش کئے جاسکتے ہیں ان کی Ordinal 'interval اور nominal پیانوں پر بھی پیائش کی جاسکتی ہے

ii) interval measurement کی مثالیں ہیں وزن‘ قد‘ فاصلہ‘ مردم شماری اور کرنسی کی قیمت

iii) ratio measurement سب سے اعلی اور موزوں level of measurement ہوتا ہے

iv) نفسیاتی خصوصیات جیسے قیادت‘ خوشی‘ ذہانت‘ تسکیین کی ratio scale کے ذریعہ پیائش کی جاسکتی ہے

v) Interval scale پر شماریاتی تکنک جیسے Mean ‘ Correlation اور 't' test کا استعمال کیا جاسکتا ہے

vi) جوشمایاتی تکنکیں nominal ‘ Oridinal اور interval سطحوں پر استعمال ہوتی ہیں وہ ratio level پر بھی استعمال کی جاسکتی ہیں۔

vii) interval scale سے nominal اور ordinal پیمائش نہیں کی جاسکتی

viii) intervel scale کے اعداد پر ضرب اور تقسیم جیسے operations کئے جاسکتے ہیں

Codes

(A) i ‘ iii ‘ v ‘ vi  (B) ii ‘ iv ‘ v ‘ viii

(C) iii ‘ iv ‘ vii ‘ viii  (D) ii ‘ iv ‘ v ‘ vii

10) مندرجہ ذیل بیانات میں صحیح بیانات کی دیئے گئے codes کی مدد سے نشاندہی کیجئے

i) standard score وہ ہوتا ہے جو کسی distribution میں اوسط حسابیہ (Mean) سے معیاری انحرافی اکائیوں (Standard deviation units) میں اسکی دوری کو ظاہر کرے

ii) standard score کی دو قسمیں z - score اور T - Score ہوتے ہیں۔

iii) دو distributions میں ایک کا Mean 7 ہے اور دوسرے کا 75 اور دونوں کا معیاری انحراف 2 ہے تو یہ معیاری انحراف کی قیمت دونوں distributions کیلئے ایک ہی مطلب رکھتی ہے۔

iv) T - score وہ score ہوتا ہے جو z - score کو 10 سے ضرب دینے پر حاصل ہونے والے عدد میں 50 جمع کرنے پر حاصل ہو۔

v) معیاری انحراف کی قیمت جتنی زیادہ ہوگی distribution میں mean سے variabitity اتنی ہی کم ہوگی

Codes

(A) ii ‘ iii ‘ v  (B) i ‘ ii ‘ iv

(C) i ‘ iv ‘ v  (D) ii ‘ iii ‘ iv

11) ذیل میں کالم 'الف' میں دیے گئے مواد کو کالم 'ب' میں دئے گئے مواد سے جوڑیئے اور اپنے انتخاب کی دیئے گئے Code کے ذریعہ نشاندہی کیجیے:

| کالم 'الف' | کالم 'ب' |
|---|---|
| i) کسی تحقیق کی غرض سے افراد کے گروہ کے انتخاب کا عمل | (1) Sampling frame |
| ii) وہ امور، واقعات، افراد کا برتاؤ (behaviour) جن کے متعلق تحقیق کی جاتی ہو | (2) Sampling Unit |
| iii) کسی آبادی میں پائی جانے والی وہ تمام خصوصیات جن کے مطالعہ کے لئے اس آبادی سے نمونہ کا انتخاب کیا جاتا ہے | (3) نمونہ بندی (Sampling) |
| iv) جب کسی گروپ (جیسے کالج کے طلباء) کے بارے میں تحقیق کی جارہی ہو تو ایسی صورت میں کالج کا کوئی واحد طالب علم کہلاتا ہے۔ | (4) Sampling elements |
| | (5) Sample size |

(A) i - 5 ‘ ii - 2 ‘ iii - 4 ‘ iv - 1  (B) i - 2 ‘ ii - 1 ‘ iii - 4 ‘ iv - 5

(C) i - 3 ‘ ii - 4 ‘ iii - 1 ‘ iv - 2  (D) i - 5 ‘ ii - 1 ‘ iii - 3 ‘ iv - 2

(12 مختلف نمونوں (Multiple samples) کے اوسط حسابیہ کا معیاری سہو (Standard error of the Means) کے بارے میں صحیح نہیں ہے

(A) یہ Sample Means کا معیاری انحراف ہوتا ہے

(B) تمام Sample means کا 68 فیصد آبادی کے Standard error کی قیمت ایک کے اندر رہتا ہے

(C) تمام Sample means کا 95 فیصد آبادی کے Standard error کی قیمت دو (2) کے اندر رہتا ہے

(D) اس کی قیمت نمونے کے سائز (Sample size) کے ساتھ راست تناسب میں ہوتی ہے

(13 درج ذیل بیانات میں غلط بیان کی نشاندہی کیجئے۔

(A) Qualitative Research کے شروع میں کوئی مفروضہ قائم نہیں کیا جاتا

(B) Qualititative Research میں data کے جمع کرنے کے بعد مفروضہ تشکیل دیا جاتا ہے

(C) Case study کی شروعات مفروضہ کی تشکیل کے ساتھ کیجاتی ہے۔

(D) Qualitative Research کو عام طور پر hypothesis generating تحقیق بھی کہا جاتا ہے

(14 کسی علاقہ کی آبادی 10,000 (دس ہزار) افراد پر مشتمل ہے ان میں سے 81 (اکیاسی) افراد کو بطور نمونہ لیا گیا اور ان منتخبہ افراد کے قد اور وزن کا data اکھٹا کیا گیا اسطرح حاصل data کی مدد سے ان 81 افراد کے قد اور وزن کا Coefficient of correlation دریافت کیا گیا جس کی قمیت 0-8 حاصل ہوئی۔ اس صورت میں اس آبادی (Population) جو دس ہزار افراد پر مشتمل ہے کا Coefficient of Correlation کیا ہوگا جبکہ Probable error of the Coefficient of Correlation کو لیکر قیمت کا تعین کیا جائے:

(A) 0.77 اور 0.83 کے درمیان

(B) 0.72 اور 0.9 کے درمیان

(C) 0.8 اور (ایک) کے درمیان

(D) 0.79 اور 0.9 کے درمیان

(15 Thurston Differential اسکیل کو مندرجہ ذیل نام سے بھی جانا جاتا ہے:

(A) Arbitrary Scale

(B) Social Distance Scale

(C) scale of summated Rating

(D) Judgement Scaling

(16 جب کسی تحقیق میں یہ مانا جاتا ھیکہ ایک تابع متغیر دو یا دو سے زیادہ آزاد متغیرات کے ذریعہ اثر انداز ہو رہا ہے تو ایسی صورت میں مندرجہ ذیل شماریاتی تکنک کا استعمال کیا جاتا ہے

(A) Multiple Discrimination Analysis

(B) Factor analysis

(C) Multiple Regression Analysis

(D) Multivariate Analysis of Variance

(17 ایک کالج میں تین کورسس بی-اے؛ بی- کام اور بی-ایس سی چلائے جاتے ہیں۔بی-اے میں طلباء کی کل تعداد 30؛ بی کام میں 90 اور B.Sc میں 80 طلباء ہیں۔ان طلباء کے سالانہ امتحان میں نمبرات کا B.A.: Mean کا 62؛ B.Com کا 70اور B.Sc کا 73 ہے۔ ان تینوں کورسس کے سالانہ امتحانات کا Combined Mean------ہوگا:

(A) 156.3 (B) 68

(C) 70 (D) 66.6

(18 ایک موثر کثیر جوابی امتحانی سوال (Multiple Choice test item) کی تیاری میں ممتحن کو ان کے متبادلات کے Discriminability index کا استعمال کرنا ہوتا ہے اگر کسی مخصوص سوال کا اعلی نمبرات حاصل کرنے والے دس طلباء میں سے سارے طلباء (یعنی دس) نے صحیح جواب دیا اور ادنی نمبرات حاصل کرنے والے دس طلباء میں سے صرف دو نے صحیح جواب دیا تو ایسی حالت میں اس کثیر جوابی سوال کا Discriminating index ------ ہوگا:

(A) 0.80 (B) 0.20

(C) 0.67 (D) 0.10

(19 کسی Normal distribution کے معاملے میں وہ بیان جو صحیح نہیں ہے

(A) اوسط حسابیہ (Mean) اور 1.00z+ کے درمیان پائی جانیوالی جگہ منحنی (Curve) میں پائے جانے والے کل area کا 0.3413 ہوتا ہے

(B) اوسط حسابیہ (Mean) اور 1.00z+ کے درمیان پائے جانیوالے Cases کا فیصد 0.3413 ہوتا ہے

(C) منحنی (Curve) کا وہ area جو 1.00z+ سے اوپر ہوتا ہے وہ 0.1826 ہوگا

(D) منحنی پر معیاری انحراف 1+ اور معیاری انحراف 1- کے درمیان کل cases کا 68.26 فیصد cases پائے جاتے ہیں

(20 ایک بی-ایڈ کا طالب علم مقاصد پر مبنی اسکولی تحصیلی امتحان (Objective Based Scholastic Acheivement Test) تیار کرتا ہے اور وہ اس امتحان کے سوالات کو Standardize کرنے کیلئے ان کی index of difficulty کا استعمال کرتا ہے اسکے ذریعہ وہ ان سوالات کو جو بہت ہی سہل ہوں اور وہ جو بہت کٹھن ہوں شامل امتحان نہیں کرتا اس مقصد کے لئے کٹھن اور سہل سوالات کے معیار کو ظاہر کرنیوالا عدد فیصد کی شکل میں ---- ہوتا ہے

(A) 33 فیصد سے کم (کٹھن) اور 67 فیصد سے زیادہ (سہل) (B) 35 فیصد سے کم (کٹھن) اور 65 فیصد سے زیادہ (سہل)

(C) 30 فیصد سے کم (کٹھن) اور 70 فیصد سے زیادہ (سہل) (D) 49 فیصد سے کم (کٹھن) اور 51 فیصد سے زیادہ (سہل)

(21 ایک محقق تجرباتی طریقہ پر اپنی تحقیق انجام دیتا ہے۔اور وہ اسکے لئے pretest - Posttest matched group ڈیزائن اپناتا ہے۔ اس تجربہ میں کسی Confounding متغیر کے اثر کو ختم کرنے کیلئے تاکہ قبل از تجربہ حالت (Pre experimental status) کو مساوی کیا جاسکے۔ اس مقصد کیلئے اپنائی جانیوالی شماریاتی تکنک ہوگی۔

(A) Variance (B) Covariance

(C) Analysis of covariance (D) Analysis of Variance

(22 ایک مطالعہ میں اتفاقی نمونہ بندی کے ذریعہ آٹو ڈرائیوروں کا انتخاب کیا گیا جو ڈرائیونگ میں تربیت یافتہ اور غیر تربیت یافتہ افراد پر مشتمل تھا۔اس مطالعہ کے ذریعہ مندرجہ ذیل data حاصل ہوا:

| | حادثات میں ملوث | کوئی حادثہ نہیں | کل تعداد |
|---|---|---|---|
| تربیت یافتہ ڈرائیور | 44 | 10 | 54 |
| غیر تربیت یافتہ ڈرائیور | 81 | 35 | 116 |
| جملہ تعداد | 125 | 45 | 170 |

اس data سے حاصل ہونے والی Chi-rquare قیمت------ ہوگی:

(A) 3.84 (B) 2.17

(C) 6.03 (D) 9.98

(23 مندرجہ ذیل بیانات میں صحیح بیانات کی Codes کے ذریعہ نشاندہی کیجئے۔

i) Null hypothesis یہ بیان کرتا ھیکہ دو یا دو سے زیادہ زیر غور مقداروں (parameter) کے مابین کوئی قابل لحاظ (Significant) فرق یا تعلق نہیں پایا جاتا۔

ii) تجرباتی تحقیق میں عام طور پر محقق شماریاتی غرض سے Null hupthesis کو تشکیل دیتا ہے

iii) تحقیقی مفروضہ ہمیشہ تحقیق کے نتائج کی صرف ایک سمت کو ظاہر کرتا ہے یعنی تعلق مثبت ہوگا یا منفی ہوگا

iv) (Null hypothesis) کا متبادل مفروضہ (Alternative) مثبت مفروضہ (Positive hypothesis) ہوتا ہے۔

v) Null hypothesis) کا استعمال صرف تجرباتی تحقیق میں ہی کیا جاتا ہے۔

vi) Null hypothesis کے ذریعہ یہ مان لیا جاتا ھیکہ تحقیق کے جو بھی نتائج برآمد ہوئے ہیں وہ آبادی (Population) کی خصوصیات کی عکاس ہیں

vii) تحقیقی مفروضہ (Research hypothesis) دو یا دو سے زیادہ متغیرات کے متبادل کے مابین تعلق کی عارضی وضاحت پیش کرتا ہے۔

viii) محقق یہ مفروضہ قائم کرتا ھیکہ تجرباتی گروپ اور کنٹرول گروپ کے نمونوں (Samples) کے حصولیابی (achievement) کے اوسط حسابیہ (Mean) کی قیمتوں میں بظاہر فرق محض نمونہ بندی کی سہو (Sampling error) کا نتیجہ ہوتی ہے۔

ix) سائنسی مفروضہ ایک رسمی مثبت بیان (formal affirmative statement) ہوتا ہے جو کسی تحقیق کے واحد نتیجہ کی پیش قیاسی کرتا ہے

Codes

(A) iii ‘ iv ‘ v ‘ vi ‘ vii ‘ ix

(B) ii ‘ iv ‘ v ‘ vii ‘ viii ‘ ix

(C) ii ‘ iii ‘ v ‘ viii ‘ ix

(D) i ‘ ii ‘ iv ‘ vii ‘ viii ‘ ix

(24 Ex post facto تحقیق کے تحت نہیں آتا:

(A) co-relational study | (B) Criterion group study
(C) Causal research | (D) Single case research

(25 وہ شماریاتی ٹسٹ جو ایک test of difference ہوتا ہے جسکو ایک تجزیہ واحد متغیر (Univariate analysis) اور روزمرہ جاتی متغیرات (Categorical variables) کے لئے اپنایا جاتا ہے:

(A) The Chi-square test | (B) The Mann- Whitney test
(C) The wilcoxon test | (D) Regression analysis

(26 علم (Knowledge) کے ذخیرہ میں اضافہ کرنے یا/ پیدا کرنے کے Non-Positivist Paradigms میں اس کا شمار کیا جاتا ہے۔

(A) Naturalistic Approach | (B) Qualitative Approach
(C) Discourse Analysis | (D) Case Study

(27 درج ذیل بیانات میں صحیح بیان کی نشاندہی کیجئے۔

(A) جب sample کا سائز 30 سے زیادہ ہو اور data کی پیمائش ordinal scale میں کی گئی ہو تو Mann-Whitney u-test کا استعمال کیا جاتا ہے۔

(B) جب آبادی normally distributed ہو اور sample کا سائز چھوٹا ہو تو ایسے میں z - test کو test of significance کے طور پر اپنایا جاتا ہے

(C) جب کسی frequency distribution کے observed frequencies اور expected frequencies کو ایک گراف پر ظاہر کیا جاتا ہے تو دو lines حاصل ہوتی ہیں ایسے distribution کو good fit کہتے ہیں۔

(D) کسی distribution کے تیسرے اور پہلے Quartile کا فرق Inter Quartile Range اس distribution کے درمیانی نصف کے شماریاتی پھیلاؤ (Statistical Spread) کو ظاہر کرتا ہے

(28 مندرجہ ذیل میں وہ حالات جن میں 't' ٹسٹ کا استعمال کیا جاتا ہے۔ دیئے گئے code کے ذریعہ نشاندہی کیجئے

i) جب نمونہ کا سائز (Sample size) چھوٹا ہو یعنی 30>

ii) جب آبادی بہت زیادہ ہو اور نمونہ کا سائز (sample size) بڑا ہو یا چھوٹا

iii) جب آبادی کا Variance معلوم ہو

iv) جب آبادی normal ہو

v) جب تین یا اس زیادہ Matched Samples ہوں

vi) جب آبادی کا Variance نامعلوم ہو

vii) data کی پیمائش کم از کم interval scale پر کی گئی ہو

codes

v ‘ iv ‘ iii ‘ i (A) vii ‘ vi ‘ iv ‘ ii (B)

vii ‘ vi ‘ iv ‘ i (C) vi ‘ v ‘ iv ‘ i (D)

(29 مندرجہ ذیل بیانات میں صحیح بیان کی نشاندہی کیجئے۔

(A) جوں جوں Coefficient of Correlation بڑھتا جاتا ہے Prediction error کی قیمت بھی بڑھتی جاتی ہے

(B) کسی بھی نفسیاتی امتحان (Psychological test) اور Inventories کو standardize کرنے کے لئے Coefficient of Correlation کا تعین کرنا ضروری ہوتا ہے،

(C) عموماً کسی بھی دی گئی آبادی میں رونما ہونیوالے مختلف واقعات جیسے طوطوں کی آبادی میں اضافہ کے ساتھ انسانی آبادی میں بھی اضافہ کا پایا جانا یہ ظاہر کرتا ھیکہ ان دونوں واقعات میں مثبت ہم ربطگی (Positive correlation) پائی جاتی ہے۔

(D) پیش قیاسی (prediction) تجزیہ ہم ربطگی (correlational analysis) کے لئے ایک رکاوٹ ثابت ہوتی ہے۔

(30 جب کسی تجرباتی تحقیق میں محقق یہ مفروضہ تشکیل دیتا ھیکہ گروپ 'A' کی کارکردگی گروپ 'B' کی کارکردگی سے بہتر ہوگی' تو اس قسم کے مفروضہ سے متعلقہ دیگر حقائق میں صحیح بیان ہوگا۔

(A) اسکے تجزیہ کے لئے one tailed test کا استعمال ہوگا

(B) یہ ایک Two directional hypothesis ہوتا ہے

(C) جب اسکے نتائج کو گراف کی شکل میں پیش کیا جاتا ہے اور منحنی کی دونوں جانب حاصل ہونے والا 2.5% سیاہ حصہ (area) ظاہر کرتا ھیکہ محقق کو 95% یقین ھیکہ اسکے تجزیہ کے نتائج صحیح ہوں گے۔

(D) مندرجہ بالا تمام

(31 کسی تجرباتی تحقیق میں جب آزاد متغیر (Independent variable) کی مختلف سطحیں (levels)/ قیمتیں / خصوصیات پائی جاتی ہیں اور محقق یہ دریافت کرنا چاہتا ھیکہ اس آزاد متغیر کی مختلف سطحیں خصوصیات کسطرح تجربہ کے نتائج پر اثر انداز ہوتی ہیں اسطرح کے تجربہ میں مندرجہ ذیل قسم کے تجرباتی خاکہ (Reseach design) کو اپنایا جاتا ہے

Repeated Measures design (A)

The factorial design (B)

The Parametric dsign (C)

The two control groups and one Experimental group design (D)

32) دس (10) delinquent لڑکوں کے Personal adjustment Inventory کے Scores کا بارہ (12) Non-delinquent لڑکوں کے Scores سے موازنہ کیا گیا جبکہ دونوں گروہوں کو اتفاقی نمونہ بندی کے ذریعہ حاصل کیا گیا تھا۔ ایسے میں t- test کے ذریعہ ان کے Score کی Significance کو دریافت کرنا ہوتو degrees of freedom کی تعداد----- ہوگی:

(A) 22 (B) 21

(C) 20 (D) ان میں کوئی نہیں

33) مندرجہ ذیل قسم کے اوسط کو grade-point average کہا جاتا ہے۔

(A) Mean (B) Median

(C) weighted Arithmetic Mean (D) Arithmetic average

34) وہ شماریاتی تکنک جس کو z - scores کی منفی قیمت اور اعشاریائی قیمت کی وجہ سے پیدا ہونیوالی الجھن کے تدارک کے لئے استعمال کیا جاتا ہے:

(A) T-score (B) Sigma score

(C) Stanine (D) مندرجہ بالا میں کوئی نہیں

35) مندرجہ ذیل جدول میں کسی سروے میں شامل افراد / جوابدہندوں (Respondents) کی عمر کی تفصیلات دی گئی ہیں۔ اس کی مدد سے سروے میں شامل جواب دہندوں (Respondents) کی median age دریافت کی گئی جس کی قیمت ...................... ہوگی۔

| گروپ کی عمر سالوں میں (x) | جوابدہندوں کی تعداد (f) | Cumulative frequency c.f |
|---|---|---|
| 0-20 | 15 | 15 |
| 20-40 | 32 | 47 |
| 40-60 | 54 | 101 |
| 60-80 | 30 | 131 |
| 80-80 | 19 | 150 |

(A) 60.5D (B) 49.79

(C) 50.37 (D) 70.8

36) دو الگ الگ جماعتیں ہیں جن میں طلبا کی تعداد 40 اور 50 تھی۔ ان کے طلبا کے ایک امتحان میں محصلہ نمبرات کا اوسط حسابیہ (Mean) بالترتیب 74 اور 78 اور معیاری انحراف (Standard Deviation) 8 اور 7 تھا۔ اس Data کی مدد سے Standard Error of Mean دریافت کیا گیا۔ جس کی قیمت ................. ہوگی۔

(A) 1.606 (B) 3.19

(C) 2.17 (D) 2.23

(37 سوالنامہ (Questionnaire) کی تیاری میں تشکیل دیئے گئے مختلف سوالات کالم 'الف' میں دیئے گئے ہیں ان سوالات کی زمرہ بندی کالم 'ب' میں دیئے گئے متبادلات کے ذریعہ کیجئے اپنے جواب کی دیئے گئے Codes کے ذریعہ نشاندہی کیجئے۔

| کالم 'الف' | کالم 'ب' |
|---|---|
| i) کیا آپ طلباء کے gym class کے بعد غسل نہ کرنے کی ضروت کے مخالف ہیں؟ | 1) غیر ضروری اندازے (Assumptions) لگانا |
| ii) کیا آپ سمجھتے ہیں کہ gifted طلباء کو تدریس کے لئے علحدہ گروہ میں رکھنا چاہیئے؟ | 2) Guiding but not leading |
| iii) کیا آپ اپنی تنخواہ میں گذشتہ مرتبہ دیئے گئے اضافہ سے مطمئن ہیں؟ | 3) دوہرے نفی (Double negatives) کا استعمال |
| | 4) یک ابعادی (Single dimensional) سوالات |
| | 5) دونالی سوالات (Double barreled Questions) |

Codes

(A) 3 - i ‘ 5 - ii ‘ 1 - iii

(B) 2 - i ‘ 3 - ii ‘ 4 - iii

(C) 4 - i ‘ 5 - ii ‘ 1 - iii

(D) 5 - i ‘ 3 - ii ‘ 2 - iii

(38 تجرباتی تحقیق میں وہ تدبیر جس کے ذریعہ نتائج کے یکطرفہ (biased) نہ ہونے کیلئے احتیاط برتی جاتی ہے

(A) Triangulation

(B) Double blind

(C) Placebo control

(D) b اور c دونوں

(39 Qualitative Research کی خصوصیات میں شامل نہیں ہے:

(A) Holistic perspective

(B) Design flexibility

(C) Inductive analysis

(D) Inductive - deductive reasoning

(40 Codes مندرجہ ذیل بیانات میں غلط بیان کی نشاندہی کیجئے

(A) جب نمونہ کا سائز سکڑ کر صرف ایک پر آجاتا ہے تو Standard error of the mean کی قیمت معیاری انحراف کی قیمت کے برابر ہوجاتی ہے۔

(B) Sample size اور Sampling error میں منفی ہم ربطگی (Negative correlation) پائی جاتی ہے

(C) جب نمونہ کا سائز (N) لامحدودیت (infinity) کو پہونچ جاتا ہے تو اوسط حسابیہ کی قیمت آبادی کے اوسط حسابیہ کی قیمت کو پہونچ جاتی ہے اور Standard error of the mean کی قیمت صفر پر پہونچ جاتی ہے

(D) The Standard error of the mean کی قیمت انفرادی Scores کے معیاری انحراف کی قیمت سے زیادہ ہوتی ہے

41) ذیل میں کالم'الف'میں دیئے گئے شرائط کو کالم'ب' میں دی گئی شماریاتی تکنک سے جوڑیئے اور Code کے ذریعہ اپنے جواب کی نشاندہی کیجئے

i) دو Continuous variables اور interval یا Ratio پیمانہ — (1) Biserial Correlation

ii) ایک Continous variables اور دوسرا dichotomous اور interval یا ratio پیمانہ — (2) Correlation Ratio

iii) ایک continuous variable دیگر continuous discrete variables — (3) Pearson Product moment correlation

iv) دو True dichotomies اور Nominal یا Ordinal series — (4) Point Biserial Correlation

(5) Spearman's rho

(6) Partial Correlation

(7) Phi Coefficient of correlation

Codes

(A) 7 - i ، 3 - ii ، 6 - iii ، 1 - iv
(B) 2 - i ، 5 - ii ، 1 - iii ، 6 - iv
(C) 3 - i ، 4 - ii ، 2 - iii ، 1 - iv
(D) 6 - i ، 4 - ii ، 5 - iii ، 2 - iv

42) مندرجہ ذیل بیانات میں غلط بیان کی نشاندہی کیجئے۔

(A) کسی سوالنامہ میں دیئے گئے دوشاخہ سوالات (Dichotomous Questions) کو nominal data کے طور پر لیا جاتا ہے

(B) nominal data کی processing کیلئے Chi-square test ، Binomial test اور G-test کا استعمال کیا جاتا ہے

(C) Likert scale کی تیاری میں categories کا discrete ہونا لازمی ہوتا ہے

(D) کسی سوالنامہ میں محقق سوالات کے آگے یہ ہدایت دیتا ہے کہ "اگر آپ کا جواب سوال 5 کے لئے 'ہاں' تھا تو آپ برائے مہربانی سوال 9 پر چلے جائیں" اس حالت میں پہلا سوال اگلے سوالات کے لیئے Contingent کا کام کرتا ہے

43) تحقیق کے سلسلے میں وہ حالات جب ایک محقق Null hypothesis کو بجا طور پر رد (Correctly reject) کر دیتا ہے، لیکن وہ نتائج کو interpret کرنے میں غلطی کرتا ہے اس قسم کی غلطی (Error ) _____ کہلاتی ہے:

(A) Type - I error
(B) Type- II error
(C) Type - III error
(D) Type -IV error

44) مندرجہ ذیل بیانات مین غلط بیان کی نشاندہی کیجئے۔

(A) کسی تحقیقی آلہ کی معتبریت کی اعلی قیمت (High reliability) صحیح سائنسی نتائج کی ضامن ہوتی ہے

(B) معتبریت (Reliability) کے بغیر کوئی اچھے سائنسی نتائج نہیں حاصل ہوتے

(C) تحقیقی نتائج کی وقعت اور ان کے interpretation کے لئے معتبریت ایک ضروری لیکن ناکافی شرط ہوتی ہے

(D) جب ہم کسی پیائش کے Error variance کا تعین کر سکتے ہیں تو اس پیائش کی معتبریت (Reliability) کا بھی تعین کر سکتے ہیں

(45 مندرجہ ذیل بیانات میں غلط بیان کی نشاندہی کیجئے

(A) اوسط حسابیہ اور معیاری انحراف کی نسبت (ratio) اس distribution کی Coefficient of variation کہلاتی ہے

(B) معیاری انحراف ہمیشہ ایک مثبت عدد ہوتا ہے جب اوسط حسابیہ کی قیمت منفی عدد یا صفر ہو تو ایسے میں معیاری انحراف کی قیمت اوسط حسابیہ کی قیمت سے بڑی ہوتی ہے

(C) میعاری انحراف صرف Normally distributed data کے لئے محدود ہوتا ہے

(D) اگر معیاری انحراف کی قیمت کم (low standard deviation) ہو تو یہ ظاہر کرتا ہے کہ data زیادہ معتبر (Reliable) ہے

(46 کسی Qualitative تحقیق میں افراد / Participants کے درمیان محقق کی موجودگی سے افراد کے برتاؤ میں فرق آ جاتا ہے وہ محقق کو متاثر کرنے کی کوشش کرتے ہیں یا پھر اسے نظر انداز کرنے کی کوشش کرتے ہیں تحقیق میں اس قسم کے حالات تحقیق کی validity اور reliability کو متاثر کرتے ہیں اس طرح کا ماحول کہلاتا ہے۔

(A) Halo effect
(B) Hawthorne effect
(C) Horn effect
(D) Contrast effect

(47 اصطلاح 'Construct' کے لئے مندرجہ ذیل متبادل اصطلاح کا استعمال کیا جاتا ہے۔

(A) Interveninig variable
(B) Observable variable
(C) Active variable
(D) Attribute variable

(48 زید کا اپنی 139 طلباء کی جماعت میں 27 واں رینک تھا۔ زید کے رینک سے اوپر 26 طلباء تھے اور اس سے کم سطح پر 112 طلباء تھے۔ ایسے میں زید کا percentile رینک----- ہوگا:

(A) 74
(B) 85
(C) 81
(D) 113

(49 Large Sample Two Tailed Test کی صورت میں معیاری امکانی منحنی (Normal Probability Curve) کا Total Area of Acceptance---- ہوگا:

(A) 47.5%
(B) 2.5%
(C) 5%
(D) 9.5%

(50 تشخیصی امتحان (Diagnostic Test) کا مقصد:

(A) یہ پروگرام کے دوران کیا جاتا ہے تاکہ طلباء کی ترقی کی نگرانی (Monitoring) کی جاسکے۔

(B) طلباء کی کسی مضمون میں کمزوری کا پتہ چلانے اور اس کے ازالہ کے لئے خصوصی توجہ دینے کے لیے منعقد کیا جانے والا امتحان

(C) یہ Criterion Referenced ہوتا ہے

(D) (b) اور (c) دونوں

## (Part B) حصہ دوم

(51 سیکنڈری ایجوکیشن کمیشن (مدلیار کمیشن) کے تجویز کردہ مقاصدِ تعلیم میں شامل نہیں ہے۔

(A) تعلیم برائے جدیدیت
(B) تعلیم برائے جمہوری شہریت
(C) تعلیم برائے شخصیت سازی
(D) تعلیم برائے قیادت (Edcuation for leadership)

(52 دستور ہند کے مندرجہ ذیل آرٹیکل کے مطابق کسی بھی شہری کو کسی بھی تعلیمی ادارہ میں جو سرکاری ہو یا سرکاری امداد سے چلایا جارہا ہو مذہب، ذات، نسل یا زبان کی بنیاد پر داخلہ سے محروم نہیں کیا جاسکتا۔

(A) آرٹیکل 30 (i)
(C) آرٹیکل 15 (III)
(C) آرٹیکل 29 (II)
(D) آرٹیکل 350 (A)

(53 وہ behaviourist ماہر نفسیات جو Stimulus - Response نظریہ کو قابل قبول نہیں مانتے تھے۔

(A) بی-ایف سکنر
(B) ای سی / ٹول مین
(C) ڈیوڈ آسوبل
(D) ایچ- گارڈنر

(54 ''تعلیم انصاف حاصل کرنے کا ذریعہ ہوتی ہے، دونوں طرح کا انصاف انفرادی اور سماجی'' اس نظریہ کو پیش کرنیوالے:

(A) ارسطو
(B) فیثاغورث (Pythagoras)
(C) Plato
(D) مہاتما گاندھی

(55 ذیل میں مختلف فلسفیوں کے تعلیمی فلسفہ اور ان کے نام دو کالموں 'الف' اور 'ب' میں دیے گئے ہیں۔ جوڑیوں کی نشاندہی دیئے گئے Code کے ذریعہ کیجئے۔

| کالم 'الف' | کالم 'ب' |
|---|---|
| i) تعلیم بچہ کی خداداد صلاحیتوں کی نشو ونما کا عمل ہوتا ہے | (1) سقراط (Socrates) |
| ii) تعلیم صحت مند جسم میں صحتمند ذہن کی تخلیق کا عمل ہوتا ہے | (2) مہاتما گاندھی |
| iii) اکتساب ایسے تجربات کے ذریعہ واقع ہوتا ہے جو طلباء کی زندگی سے براہ راست جڑے ہوں | (3) ارسطو (Aristotle) |
| iv) تعلیم کا مقصد علم کی روشنی کے ذریعہ انسان کے وجود کی تکمیل عمل میں لانا ہے | (4) روسو (Rousseau) |
| | (5) رابندر ناتھ ٹیگور |
| | (6) جان ڈیوی |

Codes:

(A) i (1) ‘ ii (2) ‘ iii (3) ‘ iv (4)
(B) i (4) ‘ ii (3) ‘ iii (6) ‘ iv (5)
(C) i (6) ‘ ii (5) ‘ iii (2) ‘ iv (3)
(D) i (5) ‘ ii (6) ‘ iii (3) ‘ iv (2)

56) درج ذیل بیانات میں غلط بیان کی نشاندہی کیجئے۔

(A) ویدک دور میں تعلیم نسواں عام تھی (B) برہمنی دور میں خواتین کو حق تعلیم سے محروم رکھا گیا تھا

(C) بدھست دور میں لوپامدرا، گارگی اور میتری جیسی قابل خواتین گذری ہیں (D) رگ وید کی تیاری میں لوپامدرا جیسی خاتون کا بھی حصہ رہا

57) روس میں تعلیمی نظام کی ساخت

(A) 4 سالہ پرائمری، 5 سالہ بیسک جنرل ایجوکیشن اور دو سالہ سیکنڈری جنرل ایجوکیشن

(B) 5 سالہ پرائمری، 4 سالہ بیسک جنرل ایجوکیشن اور تین سالہ سیکنڈری جنرل ایجوکیشن

(C) 5 سالہ پرائمری، 3 سالہ بیسک جنرل ایجوکیشن اور تین سالہ سیکنڈری جنرل ایجوکیشن

(D) 4 سالہ پرائمری، 3 سالہ بیسک جنرل ایجوکیشن اور پانچ سالہ سیکنڈری جنرل ایجوکیشن

58) معاشی نقطۂ نظر سے اعلیٰ تعلیم کے بارے میں کیا صحیح مانا جاتا ہے

(A) عالمی عوامی اثاثہ (Global Public Good) (B) بظاہر عوامی اثاثہ (Quasi Public Good)

(C) مستحسن اثاثہ (Merit Good) (D) خانگی اثاثہ (Private Good)

59) قومی تعلیمی پالیسی 1986ء میں طفل مرکوز طرز رسائی (Child - Centred Approach) کے متعلق اہم تجویز/ تجاویز

(A) تحتانوی سطح (Primary Stage) پر Non- detention policy کو منسوخ کیا جانا چاہئے تاکہ تعلیمی معیار (Quality) کو مضبوط کیا جاسکے۔

(B) جسمانی سزا (Corporal Punishment) کے ذریعہ بچوں میں نظم وضبط پیدا کیا جانا چاہیئے

(C) اسکول کے اوقات اور تعطیلات کو طلباء کی سہولت کے مطابق رکھنا چاہئے

(D) آٹھویں پنچسالہ منصوبہ میں تعلیم پر خرچ کو دوفیصد کردینا چاہیئے

60) ذیل میں کالم 'الف' میں دی گئی اسکیمات کو کالم 'ب' میں دی گئی تفصیلات سے جوڑیئے:

| کالم 'الف' | کالم 'ب' |
|---|---|
| i. ایکالویا ماڈل ریسڈینشیل اسکول | (1) درج فہرست اقوام (SC) کے بچوں کے لئے Non- formal اقامتی اسکول |
| ii. جواہر نودیا ودیالیا | (2) ابتدائی تعلیمی سطح پر لڑکیوں کے لئے مخصوص / زاید سہولیات والا پروگرام |
| iii. کستوربا گاندھی بالیکا ودیالیا | (3) درج فہرست قبائل، درج فہرست اقوام، اقلیتوں اور دیگر پچھڑی کمیونٹی سے تعلق رکھنے والی لڑکیوں کے لئے اقامتی اسکولس |
| iv. Viveka Tribal Centre for learning | (4) درج فہرست قبائل (ST) کے بچوں کے لئے اقامتی اسکولس |
| | (5) دیہی علاقوں کے باصلاحیت بچوں کے لئے معیاری، اقامتی اسکولس |

(A) i (1)، ii (2)، iii (3)، iv (4) (B) i (2)، ii (1)، iii (4)، iv (5)

(C) i (3)، ii (4)، iii (1)، iv (5) (D) i (4)، ii (5)، iii (3)، iv (1)

61) انسان کے جسم و دماغ کو مناسب تفریحی سرگرمیوں کے ذریعہ سکون حاصل ہوتا ہے۔ یوگا میں اس کے لئے مندرجہ ذیل اصطلاح کا استعمال ہوتا ہے۔

(A) آہار (B) وِہار

(C) آچار (D) وِنیاسا

62) انسانی جسم کی حیاتیاتی ضروریات ہی ہر طرح کے محرکہ (Motivation) کی بنیاد ہوتی ہیں اور جسم اپنے اندرونی توازن کو برقرار رکھنے کیلئے جو تحریکات (Drives) اور ان کو توازن میں لانے کے عمل پر مبنی نظریہ پیش کرنے والے ماہر نفسیات:

(A) بی۔ایف سکنر (B) ای۔ایل۔تھارن ڈائک

(C) ایوان پاولو (E. Pavlov) (D) کلارک ہل (C Hull)

63) Area Intensive Programme for Educationally backward Minorities مندرجہ ذیل کی سفارش کے نتیجہ میں جاری کیا گیا تھا:

(A) Revised Programme of Action - 1992

(B) National Commission for Minorities 1993

(C) سچار کمیٹی رپورٹ - 2006

(D) National Monitoring Committee on Minorities Education - 2004

64) مسلسل جامع جانچ کی اسکیم کو جماعت اول / پہلی تا ہشتم / آٹھویں کے لئے لاگو کیا جائے اور آٹھویں جماعت تک کوئی بورڈ امتحان نہیں ہونا چاہئے۔ تعلیمی نظام میں اس تبدیلی کو مندرجہ ذیل کے ذریعہ تجویز کیا گیا تھا اور روبہ عمل لایا گیا۔

(A) قانون حق تعلیم -2009ء (B) کوٹھاری کمیشن رپورٹ -1966ء

(C) قومی تعلیمی پالیسی - 1986ء (D) قومی تعلیمی خاکہ - 2005ء (NCF)

65) ہندوستان میں تصوف (Sufism) کے دور کا آغاز اس صدی عیسوی سے ہوا:

(A) گیارہویں (B) بارہویں

(C) پندرہویں (D) سولہویں

66) Hard ware اور Soft Ware کے ذریعہ نیٹ ورک / انٹرنیٹ پر کسی Service کو انجام دینے کا عمل کہلاتا ہے:

(A) Flipped Learning (B) Blended Leaning

(C) Cloud Computing (D) E- Learning

67) Meta search engine کی ایک خامی ----- ہے:

(A) اسمیں down load کے لئے آسانی سے استعمال کرنے کے لائق tool bar ہوتا ہے

(B) Google یا Yahoo کی طرح قابل استعمال نہیں ہوتا

(C) اسکے ذریعہ white pages اور Yellow pages کو بھی search کیا جا سکتا ہے

(D) ایک ہی وقت میں تمام اہم search engines پر موجود information کو حاضر کر دیتا ہے۔

68) ذیل میں David kolb کے مطابق مختلف learning styles کے حامل افراد اور ان کی غالب خصوصیات دی گئی ہیں کالم 'الف' کیلئے کالم 'ب' میں دی گئی خصوصیات کو جوڑیئے اور دیئے گئے Code کے ذریعہ نشاندہی کیجئے

| کالم 'الف' | کالم 'ب' |
|---|---|
| i) Accomodator | (1) Concrete experience and active experimentation |
| ii) Diverger | (2) Concrete experience and reflective observation |
| iii) Converger | (3) Abstract Conceptnalization and active experimentation |
| iv) Assimilator | (4) Abstract Conceptualization and Reflective observation |
| | (5) Concrete Conceptualization and reflective observation |

Codes

(A) 4-i ‘ 5-ii ‘ 2- iii ‘ 1-iv　　(B) 5-i ‘ 3-ii ‘ 4- iii ‘ 2-iv

(C) 2-i ‘ 4-ii ‘ 5-iii ‘ 3-iv　　(D) 3-i ‘ 2-ii ‘ 4-iii ‘ 1-iv

69) Classical modernization کی خصوصیات میں -------------- شامل نہیں ہے:

(A) یہ عمل کسی ملک وقوم کو اپنی شناخت بنانے میں مددگار رہوتا ہے　　(B) عوام میں وسیع النظری پیدا کرتا ہے

(C) شہری، سماجی اور سیاسی حقوق اور وسائل کا عوام میں شعور پیدا کرتا ہے　　(D) عوام میں عدم اتحاد اور مذہب کا محدود تصور فروق پاتا ہے

70) سماجی بحران (Social Crisis) کے لئے ذمہ دار عوامل:

i) Cyber Terrorism (ii) Genetic Engineering (iii) طاقتور اور خطرناک ہتیاروں میں اضافہ iv) موسموں میں بدلاؤ

(v) اقدار میں گراوٹ (vi) جنسی استحصال (vii) بے روزگاری (viii) تعلیم یافتہ نوجوانوں کے غیر ملکوں میں بس جانا

ix) تعلیمی اداروں میں مذہبی تعلیم سے دوری (x) لڑکیوں کی شرح پیدائش میں اضافہ

(A) i ‘ ii ‘ iii ‘ v ‘ vii ‘ ix　　(B) ii ‘ iii ‘ iv ‘ viii ‘ ix ‘ x

(C) i ‘ iv ‘ v ‘ vii ‘ viii ‘ ix　　(D) iv ’ v ‘ vi ‘ vii ‘ viii ‘ ix

71) ہندوستانی آئین کے Preamble کے مطابق 'Socialist' کا مطلب ہے:

(A) تمام شہریوں کو آزادی ہے کہ وہ کوئی بھی مذہب کو اختیار کریں اور اسکی تبلیغ کریں

(B) ذات، پات، رنگ، نسل، زبان، مذہب، یا جنس کی بنیاد پر امتیاز روا نہ رکھنا

(C) پیداوار کے ذرائع پر مزدور کا اختیار اور معیشت پر سب کی برابر کی حصہ داری

(D) انفرادی مفادات کی قومی مفادات پر فوقیت

(72 تدریسی واکتسابی سرگرمی کی انجام دہی کے دوران جب کوئی معلم اس بات کو مدنظر رکھکر مختلف تدریسی حکمت عملی کو استعمال کرتا ہے تا کہ طلباء میں محرکہ قائم رہے اور وہ کامیابی کے ساتھ اکتساب حاصل کریں۔ معلم کی دوران تدریس اسطرح انجام دی جانیوالی توجہ کہلاتی ہے:

(A) جائزہ برائے اکتساب (Assessment for Learning)

(B) جائزہ اکتساب / اکتساب کا جائزہ (Assessment of Learning)

(C) جائزہ بطور اکتساب (Assessment as learning)

(D) جائزہ بہ ذریعہ اکتساب (Assessment by learning)

(73 مسلسل جامع جانچ (Continuous Comprehensive evaluation) اسکیم کے بارے میں صحیح نہیں ہے:

(A) یہ اسکیم ایک مکمل مطمع نظر کی تبدیلی ہے جسمیں تعلیمی نظام کی توجہ کا مرکز امتحانات کے بجائے موثر عمل تدریس (Pedagogy) ہوتا ہے

(B) مختصر اور مسلسل وقفوں کے بعد طلباء کے اکتسابی مسائل کو جاننے اور فوری طور پر موزوں و مناسب حکمت عملی کو اپنا کر ان کا ازالہ کرنے میں مددگار ہوتا ہے

(C) ایسے طلباء کو جو اسکول کی مختلف سرگرمیوں میں دوسروں کے شانہ بہ شانہ چل نہیں سکتے انہیں اسکول سے خارج کر دینا۔

(D) ہم نصابی اور زاید از نصابی سرگرمیوں کے ذریعہ طلباء کی خود اعتمادی میں اضافہ کرنا اور تعلیم میں دلچسپی کو فروغ دینا۔

(74 ہندوستانی آئین میں مندرجہ ذیل ترمیم (amendment) کے ذریعہ تحفظ ماحول اور ماحولیاتی سدھار کے متعلق آرٹیکل شامل کئے گئے:

(A) 24 واں ترمیمی ایکٹ - 1971ء (24th Amendment ACT)

(B) 40 واں ترمیمی ایکٹ - 1972ء (40th Amendment ACT)

(C) 42واں ترمیمی ایکٹ - 1976ء (42nd Amendment ACT)

(D) 55 واں ترمیمی ایکٹ - 1987ء (55th Amendment ACT)

(75 Persons with Disability ACT - 1995ء کے مطابق

(A) ہر معذور بچہ کو 18 سال کی عمر تک مفت تعلیم کا حق

(B) خصوصی ضروریات کے حامل بچہ کو پڑوس کے اسکول میں ضروری امدادی خدمات کے ساتھ موقع دیا جانا چاہئے

(C) آٹھ سال ابتدائی تعلیم کی تکمیل کے بعد مزید چار سال ثانوی تعلیم کی سہولت بالخصوص شمولیاتی (inclusive) ماحول میں

(D) مندرجہ بالا تمام

(76 کسی بھی تنظیم کے انتظامی اصولوں میں سے ایک اصول ہوتا ہے اصول عدل (Principle of Equity) جسکے مطابق تمام ملازمین کے ساتھ رحمدلانہ اور مساوات کا سلوک روا رکھنا چاہئے۔ اور یہ کہ صحیح خدمت کی انجام دہی کے لئے ملازمین کا تنظیم میں موزوں عہدہ پر فائز کرنا لازمی ہوتا ہے۔ یہ ایک اصول ہے ان چودہ انتظامی اصولوں میں سے جن کو مندرجہ ذیل نے وضع کیا تھا:

Fredrick wruslow Taylor (A) Henry Fayol (B)

Elto Mayo (C) Mary Parker Follett (D)

(77   29 اکتوبر 2004ء کو حکومت ہند نے مذہبی ولسانی اقلیتوں سے متعلق مختلف معاملات کا جائزہ پیش کرنے کیلئے مندرجہ ذیل کی تشکیل کی تھی:

(A) سچار کمیٹی

(B) رنگناتھ مشرا کمیشن

(C) نیشنل کمیشن فار میناریٹیز (National Commission for Minorities)

(D) نیشنل کمیشن فار میناریٹیز ایجوکیشنل انسٹیٹوشنس (National commission for Minorities educational Institutions)

(78   ''تعلیم آزادی کی Practice ہے، یہ وہ ذریعہ ہے جس سے مرد و خواتین حقیقت کو تنقیدی و تخلیقی (Critically and creatively) طور پر سمجھ کر زمانہ کو بدلنے کے عمل میں حصہ لیتے ہیں۔'' تعلیم کے بارے میں اس خیال کو پیش کرنے والے:

(A) جان ڈیوی    (B) Paulo Freire

(C) گرنڈی (Grundy)    (D) Tom Koulopoulos

(79   کالم 'الف' میں دی گئی Multiple intelligence کی قسم کو کالم 'ب' میں دی گئی خصوصیات سے جوڑئے:

| کالم 'الف' | کالم 'ب' |
|---|---|
| Interpersonal Intelligence (i | (1) لکھنے پڑھنے میں دلچسپی رکھتے ہیں |
| Mathematical Intelligence(ii | (2) Catagories بنانے اور Catalogue تیار کرنے میں دلچسپی رکھتے ہیں |
| Linguistic - Verbal Intelligence(iii | (3) کسی بھی حالات کو مختلف تناظر میں پرکھتے ہیں |
| Intrapersonal intelligence(iv | (4) بہترین خود آگہی (Self-awareness) رکھتے ہیں |
| | (5) مجرد تصورات (abstract ideas) کے بارے میں غور کرنے میں مسرت محسوس کرتے ہیں |

Codes

(A) 4 - i ' 3 - ii ' 5 - iii ' 1 - iv    (B) 3 - i ' 1 - ii ' 2 - iii ' 5 - iv

(C) 3 - i ' 5 - ii ' 1 - iii ' 4 - iv    (D) 5 - i ' 3 - ii ' 2 - iii ' 1 - iv

(80   نیشنل کونسل آف ایجوکیشنل ریسرچ اینڈ ٹریننگ (NCERT) کا متعلقہ (Constituent) ادارہ نہیں ہے:

(A) سنٹرل انسیٹیوٹ آف ایجوکیشنل ٹکنالوجی

(B) نیشنل انسیٹیوٹ آف ایجوکیشن (NIE)

(C) پنڈت سندر لال شرما سنٹرل انسیٹیوٹ آف ووکیشنل ایجوکیشن

(D) سنٹرل فار انوریرانمنٹ ایجوکیشن CEE (Centre for environment Education)

(81   مندرجہ ذیل ملک میں پانچ تا اٹھارہ سال کی عمر کے بچوں کے لئے لازمی اسکولی تعلیم کا قانون رائج ہے:

(A) امریکہ    (B) برطانیہ

(C) جاپان    (D) آسٹریلیا

(82 اقوام متحدہ کے جاری کردہ Millenium Development Goals میں شامل نہیں تھا:

(A) صحت مادر (Maternal Health) میں سدھار — (B) اموات اطفال میں کمی

(C) ثانوی تعلیم کو عام کرنا — (D) ماحولیاتی بقاء کو یقینی بنانا

(83 مندرجہ ذیل کمیٹی / کمیشن نے ہندوستان میں ثانوی اور انٹرمیڈیٹ تعلیمی بورڈ (Board of Secondary and Intermediate Education) کی تشکیل کی تجویز پیش کی تھی:

(A) ہنٹر کمیشن — (B) کلکتہ یونیورسٹی کمیشن

(C) ہارٹاگ کمیٹی — (D) سارجنٹ کمیشن

(84 ثانوی تعلیم کے سلسلے میں Rashtriya Madhyamik Shiksha Abhiyan اس سال شروع کیا گیا تھا:

(A) 2008 — (B) 2009

(C) 2010 — (D) 2011

(85 تعلیم میں خواہ وہ ثانوی سطح ہو یا ابتدائی تعلیمی سطح لڑکے اور لڑکیوں کے داخلہ تناسب کا سماجی-معاشی پیمانہ (Socio-Economic Index) کہلاتا ہے

(A) صنفی غیر مساوات نما (Gender inequality index) — (B) تعلیمی انصاف نماء (Educational Equity index)

(D) صنفی ہم آہنگی پیماء (Gender harmony index) — (D) صنفی مساوات نما (Gender parity index)

(86 ادبی سرقہ (Plagiarism) کی وہ قسم جس میں کوئی طالب علم / مصنف کسی اور مصنف کی تخلیق سے فقرے / جملے بغیر حوالہ (Quotation marks) جوں کا توں یا الفاظ کے ردوبدل سے تحریر کو اپنی ذاتی تخلیق کی صورت میں پیش کرتا ہے:

(A) ذاتی ادبی سرقہ (self plagiarism) — (B) اتفاقی ادبی سرقہ (Accidental Plagiarism)

(C) (Mosaic Plagiarism) — (D) راست ادبی سرقہ (Direct Plagiarism)

(87 اساتذہ کی استعداد (Competencies) کو ظاہر کرنیکے لیئے کوٹھاری کمیشن نے انگریزی میں ایک مخفف "DRIVE" کا استعمال کیا ہے۔ جسکا پھیلاؤ اسطرح ہے:

(A) Devoted, Rational, Imaginative,Vigorous, Energetic

(B) Democratic, Realistic, Inspirational, Volunteer, Empathetic

(C) Dedicated, Resourceful, Initiator, Visionary, Enthusiast

(D) Dynamic, Reformer, Intuitive, Valiant, Egoistic

88) سماج میں وقوع پذیر تبدیلیوں کے مدنظر نصاب تشکیل دیا جاتا ہے لیکن سماج میں رونما ہونیوالے کچھ واقعات یا تبدیلیاں ایسی ہوتی ہیں جن کو نصاب میں شامل نہ کرنا حکومت کی یا تعلیمی منصوبہ بندی کرنے والے حکام کی پالیسی ہوتی ہے جبکہ یہ واقعات / تبدیلیاں اسکولی بچوں کی روزمرہ زندگی کے تجربات کا حصہ ہوتی ہیں اور وہ ان سے بخوبی واقف ہوتے ہیں۔ اس قسم کا نصاب (Curriculum) کہلاتا ہے۔

(A) مخفی نصاب (Hidden Curriculum)
(B) کالعدم نصاب (Null Curriculum)
(C) بنیادی نصاب(Core Curricululm)
(D) سماجی / معاشرتی نصاب (Societal Curriculum)

89) صحیح متبادلات کا انتخاب کیجیے جو اہداف قابل بقاء ترقی (Sustainable Development Goals) کی نشاندہی کرتے ہیں:

i) ہر جگہ سے ہر طرح کی غربت کا خاتمہ (ii) اموات اطفال میں کمی لانا (iii) بھوک کا خاتمہ، غذائی تحفظ اور بہتر تغذیہ کا حصول

iv) حصول جنسی مساوات اور لڑکیوں اور خواتین کو با اختیار بنانا

v) ممالک میں اندرونی طور پر اور ممالک کے درمیان عدم مساوات میں تخفیف لانا

(vi) عالمگیر سطح پر تحتانوی تعلیم (Primary Education) کا حصول

vii) صحت مادر میں بہتری لانا (viii) امن اور انصاف قائم کرنا

Codes

(A) i ‘ ii ‘ iii ‘ iv ‘ viii
(B) i ‘ ii ‘ iii ‘ iv ‘ vi
(C) iii ‘ iv ‘ v ‘ vi ‘ viii
(D) i ‘ iii ‘ iv ‘ v ‘ viii

90) شمولیتی تعلیم (Inclusive Education) کی خصوصیت یہ ہے:

(A) ہر طرح کے طلباء کو مساوی تعلیمی سہولیات کا موقع اور اسکول طالب علم کی ضرورت کے لحاظ سے مطابقت اختیار کرتا ہے
(B) خصوصی نصاب اور طریقے اور اساتذہ مخصوص گروپ کے مطابق ہی تربیت یافتہ ہوتے ہیں
(C) بچوں کی صلاحیتوں (abilities) کے مطابق منصوبہ بندی کی جاتی ہے
(D) کوئی خصوصی طبعی سہولیات، تربیت یافتہ اساتذہ یا خاص نصاب کی ضرورت نہیں ہوتی

91) صحیح بیانات کی نشاندہی کیجیے۔

(i) ساٹھ تا ستر سال کی عمر میں Crystallized intelligence اپنے عروج پر ہوتی ہے
(ii) رابرٹ سٹرن برگ (Robert Sternberg) نے دوعواملی ذہانت (2- factor intelligence) کا نظریہ پیش کیا تھا
iii) ہاورڈ گارڈنر (Howard gardner) نے کثیر عواملی ذہانت کا نظریہ (Multiple factor theory of intelligence) پیش کیا تھا
(iv) پہیلیوں (Puzzles) کے حل کرنے میں انسان اپنی Fluid intelligence کا استعمال کرتا ہے
v) بی۔ ایف سکنر کا نظریہ اکتساب ارتباطیت (Connectionism) پر مبنی تھا

vi) البرٹ بنڈورا (Albert Bandura) کا نظریہ اکتساب behaviouristاور Cognitive نظریات اکتساب کے مابین کڑی / پل (Bridge) کا کام کرتا ہے

vii) ادراکی نظریات اکتساب (Congnitive theories of learning) کو Process- oriented theories بھی کہا جاتا ہے

Codes

(A) ii ‘ iii ‘ vi ‘ vii (B) i ‘ iv ‘ vi ‘ vii

(C) iii ‘ iv ‘ v ‘ vi (D) ii ‘ iii ‘ iv ‘ vi

92) اکتسابی عمل کا وہ مرحلہ جسمیں متعلم جانتا ھیکہ اسنے جو کچھ سیکھا ہے وہ اسکی طبیعت ثانیہ بن چکی ہے' اب اسے مزید مشق کی ضرورت نہیں رہی

(A) لاشعوری عدم استعداد (Unconscious incompetence) (B) شعوری عدم استعداد (Conscious incompetence)

(C) شعوری استعداد (Conscious Competence) (D) لاشعوری استعداد (Unconsious Competence)

93) نصاب کے تعین قدر (Curriculum evaluation) کے مختلف مراحل (Phases) کی ترتیب کو دیئے گئے code کے ذریعہ نشاندہی کیجئے

i) تعمیری (formative) ii) منصوبہ بندی (Planning)

iii) عمل آوری (Implementation) iv) اختتامی (Summative)

v) تکمیلی (Completion) vi) نشرواشاعت (Dessimination)

Codes

(A) i ‘ iv ‘ v ‘ vi (B) ii ‘ iii ‘ v ‘ vi

(C) i ‘ ii ‘ iv (D) ii ‘ iv ‘ v

94) تعلیمی نظام میں وہ قیادت (leadership) جسمیں قائد (leader)/ ٹیچر کا کردار اسکول کے احاطہ کے باہر سماج میں مقامی' علاقائی یا قومی سطح پر اپنا اثر رکھتا ہے----- کہلاتا ہے

(A) System leadership (B) Multi - agency leadership

(C) Traditional leadership (D) Managed leadership

95) مندرجہ ذیل بیان ہندوستانی تعلیمی نظام پر liberalization کے مثبت اثرات کا حصہ نہیں ہوتا

(A) تعلیم کی رسائی میں اضافہ تعلیم کے اخراجات میں کمی کا باعث ہوگا

(B) تعلیم یافتہ آبادی میں اضافہ کا مطلب ٹکنالوجی اور ترسیل میں ترقی ہوگی

(C) اسکے اثر سے ایک Industrialization پر مبنی سماج ایک Information پر مبنی سماج کی جانب بڑھیگا

(D) رشوت ستانی، فرضی / جھوٹی ڈگریوں کا بازار گرم ہوگا

96) مندرجہ ذیل کے مطابق اسکولوں میں تعین قدر (Evaluation) کو بچوں کی Strengths کو دریافت کرنے کا ذریعہ ہونا چاہئے نہ کہ ان کی کمزوریوں(Weaknesses) کو ابھارنے یا ظاہر کرنے کا:

(A) قومی تعلیمی پالیسی 1986ء اور پروگرام آف ایکشن 1992ء
(B) یش پال کمیٹی رپورٹ 1993ء
(C) قومی تعلیمی خاکہ 2000ء
(D) قومی تعلیمی خاکہ 2005ء

97) Humanism کے تعلیمی مضمرات

i) قدیم تہذیب کی قدردانی
(ii) انسانیت کے اقدار کی نشوونما
iii) زبانوں کی قدردانی
(iv) سماجی مساوات کی ترویج میں طلباء کی شمولیت
v) آزادی اظہار مدعا
(vi) اساتذہ کے کردار میں اپنی سماجی ذمہ داریوں سے مطابقت ہونی چاہئے
vii) جمہوری اصولوں کا فروغ

Codes

(A) iii ‘ iv ‘ v ‘ vi
(B) ii ‘ iii ‘ iv ‘ v
(C) i ‘ iii ‘ iv ‘ vii
(D) i ‘ ii ‘ iii ‘ v

98) اکتسابی عمل کو بامعنی اور مستحکم بنانے کے لئے اساتذہ دوران تدریس طلباء کی ہمت افزائی کے لئے کچھ طریقے اپناتے ہیں۔ جیسے طالب علم کی ہر وہ حرکت / برتاؤ جو اسے اہداف اکتساب کی سمت لیجاتا ہوا سکے لئے اسے شاباشی دینا یا کوئی چاکلیت وغیرہ دینا۔ طالب علم کے ہر اس کام کو جو اسے اکتساب کی سمت لے جا رہا ہو ہر بار معلم سراہنا کرتا ہے۔ لیکن کسی پچھلے عمل کو دوہرانے کیلئے نہیں بلکہ ہر نئے عمل کو جو اسے اکتساب کے قریب تر کرتا ہو۔ تعلیمی نفسیات میں یہ عمل کہلاتا ہے:

(A) Classical Conditioning
(B) successive approximation
(C) objective based learining
(D) Cueing

99) تبادلہ اکتساب (Transfer of learning) کے مختلف مراحل کی سلسلہ وار ترتیب کی نشاندہی کیجئے

i) Content input
(ii) مشق / کوشش(Practice / Tryout)
iii) تشریح (تجربہ کی) / تجزیہ (Analysis)
(iv) تجربہ (Experience)
v) تبادلہ (Transfer)
(vi) نتائج (generalization/inference)

Codes

(A) iv ‘ i ‘ iii ‘ vi ‘ ii ‘ v
(B) i ‘ iii ‘ iv ‘ ii ‘ vi ‘ v
(C) iv ‘ ii ‘ i ‘ iii ‘ vi ‘ v
(D) iv ‘ vi ‘ i ‘ v ‘ ii ‘ iii

100) جب ہم دوعناصر 'A' اور 'C' کے درمیان رشتہ کوراست طور پر معلوم نہیں کر سکتے تو تیسرے عنصر 'B' کے ذریعہ معلوم کر لیتے ہیں جو A اور C دونوں سے تعلق رکھتا ہے جیسا کہ اگر A بڑا ہے 'B' سے اور 'B' بڑا ہے 'C' سے تو ہم کہہ سکتے ہیں کہ 'A' بڑا ہے 'C' سے اسطرح کی معلومات کہلاتی ہیں

(A) تجرباتی معلومات (Experiential Knowledge)

(B) حسی معلومات (Sensory Knowledge)

(C) اثباتی/ دلالت پرمبنی معلومات (Demonstrative Knowledge)

(D) منطقی معلومات (Logical Knowledge)

☆☆☆